پہلا سمسٹر I Semester	ایم۔ایڈ (ریگولر) M.Ed Regular	دسمبر 2017

پرچہ : تعلیم کا فلسفیانہ تناظر

Paper - (MMED101CCT) Philosophical Perspectives of Education

جملہ نشانات : 70 Maximum. Marks   Time : وقت : 3 Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال 1 :

(i) کس نے اس بات پر زور دیا کہ تعلیم ایک سماجی عمل (Social Process) ہونا چاہیے۔

(a) وویکانند   (b) روسو

(c) ڈیوی   (d) پیستالوزی

(ii) تعلیم کے سماجی اور انفرادی مقاصد (Individual & Social Aims) سے متعلق صحیح ترین نقطۂ نظر کیا ہے؟

(a) سماجی مقاصد اور انفرادی مقاصد کو ترجیح دی جانی چاہیے۔

(b) انفرادی مقاصد پر سماجی مقصد کو ترجیح دی جانی چاہیے۔

(c) سماجی مقاصد میں انفرادی مقاصد شامل ہیں

(d) انفرادی اور سماجی مقاصد ایک ہی سکے کے دورخ ہیں۔

(iii) فلسفۂ وجودیت (Existentialism) کا بانی کون ہے؟

(a) Hegel   (b) Soren Kierkegaard

(c) Rousseau   (d) O'Connor

(iv) فلسفۂ عملیت (Pragmatism) فطریت (Naturlism) اور وجودیت (Existentialism) میں کون سی خصوصیت مشترک ہے

(a) تعلیم کے روحانی مقاصد پر زور   (b) فرد پر زور

(c) طبعی ماحول پر زور   (d) تعلیم اقدار پر زور

(v) انسانی صلاحیتوں کا فروغ، تعلیمی نقطۂ نگاہ سے کیا ہے؟

(a) انفرادی مقصد   (b) سماجی مقصد   (c) انفرادی اور سماجی مقصد   (d) متعین مقصد

(vi) فلسفۂ حقیقیت کے جاننے کے نظریے (Realist's Theory of Knowing) کے مطابق ذہن (Mind) کا پہلو نہیں ہے۔

(a) آگاہی (Awareness) (b) شعور (Consciousness)

(c) برتاؤ (Behaviour) (d) عمل آگاہی (Process of Awareness)

(vii) کس فلسفہ کے مطابق ''تعلیم کا کوئی متعین (Fixed) مقصد نہیں اور پیشگی طور پر کوئی اقدار نہیں''۔

(a) فلسفۂ عملیت (Pragmatism) (b) فلاسفۂ تصوریت (Idealism)

(c) فلاسفۂ حقیقیت (Realism) (d) فلاسفۂ مارکسزم (Marxism)

(viii) منصوبائی طریقے (Project Method) کے ذریعے اکتساب (Learning) کو تکنیکی طور پر کہا جاتا ہے؟

(a) اتفاقی اکتساب (Incidential Learning) (b) کارکرد اکتساب (Efficient Learning)

(c) منظّم اکتساب (Systematic Learning) (d) موزوں اکتساب (Adequate Learning)

(ix) مذہبی تعلیم کی پرزور حمایت کون کرتا ہے؟

(a) فلسفۂ عملیت (b) فلسفۂ تصوریت

(c) فلسفۂ حقیقت (d) فلسفۂ وجودیت

(x) ٹیگور کا طریقۂ تعلیم سب سے زیادہ کس سے متاثر ہے؟

(a) تصوریت (Idealism) (b) فطریت (Materialism)

(c) عملیت (Pragmatism) (d) وجودیت (Existentialism)

حصہ دوم

2۔ فلسفہ وجودیت کے بنیادی اصول (Basic Tenets) اور مقاصد تعلیم بیان کیجیے۔

3۔ علم (Knowledge) سے متعلق مختلف نظریات (Theories) پر اظہار خیال کیجیے۔

4۔ عام تعلیم (Liberal Education) 'پیشہ جویانہ تعلیم (Vocational Education) اور پیشہ ورانہ تعلیم (Professional Education) کے تصورات (Concepts) کو مثالوں کے ذریعہ واضح کیجیے۔

5۔ دستور ہند میں شامل ہمارے قومی اقدار (National Values) اور ان کے تعلیمی مضمرات (Educational Implications) پر روشنی ڈالیے۔

6۔ (Delor's Commission Report) کے مطابق تعلیم کے چار ستون (Four Pillars Report) کون سے ہیں؟ بیان کیجیے۔

7۔ فلسفہ کے تناظر (Perspective) میں مشرق و مغرب کے درمیان فرق پر بحث کیجیے۔

8۔ حصولِ علم کے مشرقی و مغربی طریقوں کو بیان کیجیے۔

9۔ علم کی مختلف شاخوں (Discipline) کا تصور کس طرح ابھرا اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ اقدار کا مفہوم اور اس کے اقسام بیان کرتے ہوئے اقداری بحران (Value Crises) کی وجوہات اور اقدار کو پروان چڑھانے میں تعلیم کے کردار پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

11۔ ''دور جدید میں استاد اور طلبہ کے درمیان علم کا تبادلہ ہی نہیں بلکہ ان کے تعامل (Interaction) کے ذریعہ علم کی تخلیق بھی مطلوب ہے۔'' بحث کیجیے۔

12۔ سانکھیہ، یوگا اور نیایہ فلسفوں میں مشترک اور غیر مشترک پہلوؤں پر روشنی ڈالیے اور بتائیے کہ دور حاضر میں ان کی کیا معنویت ہے؟

13۔ اسلام کی فلسفیانہ بنیادیں کیا ہیں؟ ان کے تعلیمی مضمرات کیا ہوں گے۔ معلم اور متعلم کے درمیان کس طرح کا رشتہ مطلوب اور پسندیدہ ہے؟ بحث کیجیے۔

14۔ تعمیریت (Constructivism) کیا ہے؟ اس کے مطابق معلم کا کردار بیان کیجیے اور بتائیے کہ تعمیریت نے اس کردار کو کیا سمت عطا کی؟

☆☆☆